یورپین یونین الیکشن جائزہ کار مشن

اسلامی جمہوریہ پاکستان،

عام انتخابات 2013

Press Release : EU EOM/2013/02
Date: Islamabad 15/08/2013

For Immediate Release

یورپین یونین کے مبصرین کے 52 رکنی طویل دورے پر آئے ہوئے وفد کو ملکی عام انتخابات 2013 کا جائزہ لینے کے لئے آج پاکستان کے مختلف شہروں میں تعینات کیا جا رہا ہے۔ان مبصرین کی تعداد پاکستان کے گزشتہ عام انتخابات 2008 کی نسبت کچھ زیادہ ہے۔گزشتہ انتخابات میں 48 مبصرین مختلف شہروں میں تعینات کیئے گئے تھے جبکہ حالیہ انتخابات میں ان کی تعداد تھوڑی سی بڑھا کر 52 کردی گئی ہے۔مبصرین اپنے اپنے متعین شہروں کی طرف آج صبح ہی روانہ کردیئے گئے ہیں۔

مبصرین کے مشن کے سربراہ مائیکل گاہلر نے اس موقع پر کہا کہ اُنہیں اس بات پر فخر ہے کہ ان کی ٹیم عام انتخابات کا جائزہ لینے کے لئے ملک کے صوبوں میں اپنے فرائض سرانجام دینے کے لئے روانہ کردی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ مبصرین اپنے اس تجزیاتی دورے میں یورپین یونین کی طرف سے مروجہ طریقہ کار کے مطابق اپنے امور سرانجام دیں گے۔مبصرین انتخابات سے قبل ہر شہر میں انتخابی سرگرمیوں کا بذات خود جائزہ لیکر حقائق اکٹھے کر کے رپورٹ مرتب کریں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے مبصرین اس مشن کے لئے آنکھ اور کان کی حیثیت رکھتے ہیں۔

یورپین یونین کے مبصرین صوبائی دارلحکومتوں سمیت ملک بھر کے 272 انتخابی حلقوں میں سے 193 میں تعینات کیے جائیں گے۔مبصرین کو تمام دیہی اور شہری علاقوں میں دو دو افراد کے گروپ میں تقسیم کر کے تعینات کیا گیا ہے۔مبصرین یورپین یونین کے طے کردہ تجزیاتی طریقہ کار جو اس نے مختلف 50 ممالک میں ایک سو سے زائد انتخابات کی کوریج کے تجربات سے ترتیب دیئے کے تحت انتخابی سرگرمیوں کا جائزہ لیکر رپورٹ مرتب کریں گے۔اس دورے کے دوران مبصرین مشن حکومتی ذرائع، اُمیدواروں، سیاسی جماعتوں، اُن کے اراکین اور سول سوسائٹی کے نمائندوں سمیت صحافتی اُمور سرانجام دینے والے افراد سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔مبصرین ملک کے چار صوبوں میں سے صرف تین صوبوں پنجاب، سندھ اور خیبر پختون خواہ میں تعینات کئے گئے ہیں جبکہ بلوچستان اور فاٹا کی امن عامہ کی غیر یقینی صورتحال کے باعث مبصرین کی کوئی ٹیم تعینات نہیں کی گئی تاہم قریبی علاقوں میں واقع مبصرین کے بیس کیمپ کے ذریعے ان حلقوں کی باریک بینی سے مانیٹرنگ کرتا رہے گا۔

انتخابات کے قریب مبصرین کی تعداد 52 سے بڑھا کر 110 کردی جائیگی۔یہ تمام مبصرین کینیڈا، ناروے اور سوئزرلینڈ سمیت یورپین یونین کے 26 رکن ممالک سے اس مشن میں شریک ہونگے۔

مبصرین کی کور ٹیم میں اہم امور کے ماہرین جن میں انسانی حقوق، قانون دانی، اور صحافتی امور کے ماہرین وغیرہ شامل ہونگے انتخابات سے لیکر آخر تک تمام تر انتخابی سرگرمیوں اور اس سے منسلک تمام اُمور کا باریک بینی سے جائزہ لیں گے۔

انتخابات کے دو روز بعد مبصرین مشن اپنی ابتدائی رپورٹ جاری کرے گا جبکہ تجویزوں اور سفارشات پر مبنی مفصل اور جامع رپورٹ دو ماہ کے بعد شائع کی جائے گی۔

یورپین یونین نے اپنا مبصرانہ مشن پاکستان میں عام انتخابات 2002 اور 2008 میں بھی تعینات کیا تھا اور اسکی نگرانی کا اعزاز بھی موجودہ دورے کی نگرانی کرنے والے مائیکل گاہلر کو حاصل ہے۔

نوٹ برائے ایڈیٹرز صاحبان:

یورپین یونین الیکشن مبصر مشن دیگر یورپین اداروں اور رکن ممالک کے اثر و رسوخ سے بالاتر ہو کر اپنے امور سرانجام دیتا ہے۔مبصر مشن 2005 میں اقوام متحدہ کی طرف سے انتخابات کی مانیٹرنگ کے لیے مروجہ معاہدے ڈیکلریشن آف پرنسپلز فار انٹرنیشنل الیکشن آبزرویشن کے تحت کام کرتا ہے۔

مزید معلومات اور شرکت کیلئے رابطہ کریں

مسٹر پیٹر باسٹن ہالبرگ
(پریس آفیسر)
+92 0303 777 6412
E-mail: peter-bastian.halberg@eueompakistan.eu

EU EOM Pakistan

Hotel Serena, Islamabad
Tel +92(0)51-2600146-49 & Fax +92(0)51-2600150

Press Officer Peter-Bastian Halberg +92 (0)3037776412
peter-bastian.halberg@eueompakistan.eu
www.eueompakistan.eu